05-07-2024 FRIDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ ریاستی حکومت آؤٹر رنگ روڈ کے قریب فارما کلسٹرس قائم کرے گی اور برقی کی نئی پالیسی مرتب کرے گی۔

☆ سنگارینی کے کوئلہ کے بلاکس کی نیلامی کے خلاف بائیں بازو کی جماعتوں نے ضلع کلکٹروں کے دفاتر پر احتجاجی مظاہرے کئے۔

☆ نیٹ پی جی انٹرنس امتحان 2024 آئندہ مہینہ کی 11 تاریخ کو دوشفٹ میں منعقد کیا جائے گا۔

☆ بی آر ایس کو اس وقت ایک زبردست دھکہ لگا جب اس کے چھ ایم ایل سیز کانگریس پارٹی میں شامل ہوگئے۔

☆☆☆☆☆

رچہ کنڈہ پولیس کمشنریٹ کے حدود میں لٹیروں کی ایک ٹولی کو گرفتار کرنے کیلئے پولیس نے ہوا میں دوراؤنڈ فائر کئے۔ پاردیوں کی اس ٹولی کے چار ارکان کو پولیس نے گرفتار کرلیا۔ پولیس کو اس وقت ہوا میں گولی چلانی پڑی جب اس ٹولی نے پولیس پر چاقوؤں سے حملہ کردیا۔ پولیس نے بتایا کہ یہ ٹولی قومی شاہراہ پر کھڑی گاڑیوں سے سرقہ کی وارداتوں میں ملوث تھی۔ نلگنڈہ پولیس کے سپرنٹنڈنٹ شرد چندرا پوار نے سارقوں کو پکڑنے کیلئے خصوصی ٹیم تشکیل دی تھی۔ آج کی ابتدائی ساعتوں میں طلایہ گردی کے دوران پولیس ٹیم نے سارقوں کی ٹولی کو دیکھا اور اس کا تعاقب کیا۔ یہ ٹولی رچہ کنڈہ کمشنریٹ کے حدود میں داخل ہوگئی۔ پولیس نے جب آؤٹر رنگ روڈ پر پداعنبر پیٹ کے قریب اس ٹولی کو پکڑنے کی کوشش کی تو شرپسندوں نے پولیس پر حملہ کردیا۔ جواب میں پولیس نے ہوا میں فائرنگ کی اور ٹولی کے چار ارکان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے بتایا کہ مزید تحقیقات جاری ہے۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد پولیس نے ناملی میں تلنگانہ پبلک سروس کمیشن کے دفتر پر احتجاج کی کوشش کرنے والے بی آر ایس کی طلبہ شاخ کے قائدین کو گرفتار کرلیا۔ بی آر ایس ودیارتھی کے صدر جی سرینواس یادو کے بشمول اس تنظیم کے قائدین نے بے روزگاروں کی جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے پرچم تلے تلنگانہ پبلک سروس کمیشن کے دفتر پر احتجاج کی کوشش کی۔ پولیس نے مظاہرین کو منتشر کرنے کی کوشش کی۔ جس کے نتیجہ میں دونوں گروپوں کے درمیان ہاتھاپائی کی صورتحال پیدا ہوگئی۔ پولیس نے مظاہرین کو حراست میں لے لیا اور انہیں مختلف اسٹیشنوں کو منتقل کردیا۔ بے روزگاروں کی جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے قائدین کا مطالبہ تھا کہ گروپ 2 اور گروپ 3 کی جائیدادوں میں اضافہ کیا جائے اور یہ امتحانات ڈسمبر میں منعقد کیے جائیں۔ انہوں نے ڈی ایس سی کو بھی ملتوی کرنے کا مطالبہ کیا۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کو اس وقت ایک زبردست دھکہ لگا جب اس کے چھ ایم ایل سیز کانگریس پارٹی میں شامل ہوگئے۔ کونسل کے ان چھ اراکین نے کل رات حیدرآباد کے جوبلی ہلز میں چیف منسٹر ریونت ریڈی کی قیام گاہ پر ان کی اور اے آئی سی انچارج دیپا داس منشی کی موجودگی میں کانگریس میں شمولیت اختیار کرلی۔ ریونت ریڈی نے ڈی وٹھل، بھانو پرساد، بی دیانندن، ایم ایس پربھا کرراؤ، ای ملیشم اور بسواراج ساریا کا پارٹی میں خیر مقدم کیا۔ اس موقع پر وزیر مال ٹی سرینواس ریڈی، سابق وزیر سدرشن ریڈی، کانگریس کے سینئر لیڈر سریندر ریڈی اور دوسرے موجود تھے۔ دہلی سے چیف منسٹر ریونت ریڈی کی حیدرآباد واپسی کے فوری بعد بی آر ایس کے چھ ایم ایل سیز نے کانگریس میں شمولیت اختیار کی۔ اس کے ساتھ ہی قانون ساز کونسل میں کانگریس کے ارکان کی تعداد بڑھ کر بارہ ہوگئی ہے۔

☆☆☆☆☆

نیٹ پی جی انٹرنس امتحان 2024 آئندہ مہینہ کی 11 تاریخ کو دوشفٹ میں منعقد کیا جائے گا۔ نیشنل بورڈ آف ایگزامینیشنس ان میڈیکل سائنسس نے آج امتحان کا نظر ثانی شیڈول جاری کیا۔ گزشتہ مہینہ اس امتحان کو ایک دن قبل ملتوی کردیا گیا تھا۔

☆☆☆☆☆

نلسار یونیورسٹی آف لاشاہ میر پیٹ میں کل کیپٹل فاؤنڈیشن کے سالانہ لیکچراور ایوارڈس کی تقریب میں چیف منسٹر ریونت ریڈی مہمان خصوصی ہوں گے۔اس پروگرام میں تلنگانہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس الوک ارادھے،سپریم کورٹ کے سابق جج جسٹس اے کے پٹنا ئیک اور دوسرے شرکت کریں گے۔اس موقع پر ریونت ریڈی نلسار یونیورسٹی کی جانب سے دستور ہند پر تلگو میں چار مہینوں کے آن لائن کورس کا افتتاح کریں گے۔اس کورس کا مقصد دستور ہند کے بنیادی نظریات سے عوام کو واقف کروانا ہے۔اس موقع پر کیپٹل فاؤنڈیشن کی جانب سے ایوارڈس بھی پیش کیے جائیں گے۔

☆☆☆☆☆

سنگارینی کے کوئلہ کے بلاگس کی نیلامی کے خلاف بائیں بازو کی جماعتوں نے ضلع کلکٹروں کے دفاتر پر احتجاجی مظاہرے کئے۔سی پی آئی،سی پی ایم اور سی پی آئی ایم ایل نیوڈیموکریسی کے کارکنوں نے احتجاج میں حصہ لیا اور سنگارینی کی کانوں کو خانگیانہ کی مرکزی حکومت کی سازش کے خلاف نعرے لگائے۔حیدرآباد میں سنگارینی کالریز کے صدر دفتر پر بائیں بازو کی جماعتوں کے کارکنوں نے احتجاج کیا اور کوئلہ کے بلاگس کی نیلامی کو روکنے کا مطالبہ کیا۔پدا پلی میں آج صبح راما گنڈم اور این ٹی پی سی پولیس نے سی پی آئی ایم ایل نیوڈیموکریسی کے کارکنوں کو حراست میں لے لیا۔کریم نگر میں احتجاجی مظاہرہ میں شرکت کرتے ہوئے سی پی آئی کے قومی لیڈر چاڈا وینکٹ ریڈی نے کوئلہ کے بلاگس کی نیلامی کے ذریعہ سنگارینی کو خانگیانہ کی کوشش پر مرکزی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا۔انہوں نے یاددہانی کرائی کہ وزیراعظم نے گوداوری کھنی کے اپنے دورہ میں یہ تیقن دیا تھا کہ سنگارینی کو خانگیانہ کا سوال ہی نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم اپنے وعدہ کی خلاف ورزی کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سنگارینی تلنگانہ کی شہ رگ ہے کیوں کہ اس کمپنی سے تقریباً سوا لاکھ ملازمین کو روزگار حاصل ہورہا ہے۔سی پی آئی کے لیڈر نے اس کمپنی کے تحفظ کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ مرکزی وزیر کوئلہ کشن ریڈی کو جو تلنگانہ کا سپوت ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں انہیں چاہئے کہ سنگارینی کو خانگیانہ سے روکنے کیلئے قدم اٹھائیں۔

☆☆☆☆☆

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرما رکا نے آج حیدرآباد کے ہائی ٹیکس میں منعقدہ انڈین فارماسیٹیکل کانفرنس میں اپنے خطاب کے دوران حیدرآباد سے بیرونی ممالک کو ادویات کی برآمدات میں اضافہ کا ذکر کیا۔انہوں نے کہا کہ حکومت آؤٹر رنگ روڈ کے قریب فارما کلاسٹرس قائم کرنے کا منصوبہ رکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت برقی کے شعبہ میں بھی نئی پالیسی مرتب کرے گی۔انفارمیشن ٹیکنالوجی کے وزیر سریدھر بابو نے فارما شعبہ میں حیدرآباد کی بڑھتی ہوئی اہمیت کا تذکرہ کیا۔انہوں نے سرمایہ کاروں کو تیقن دیا کہ حکومت صنعتی شعبہ کو خصوصاً آرٹیفیشل انٹلیجنس کے اس دور میں تمام ضروری سہولتیں مہیا کرنے کی پابند ہے۔وزیر عمارات وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا کہ وائی ایس آر کے دور حکومت میں ORR کی تعمیر عمل میں آئی اور حیدرآباد کئی آئی ٹی صنعتیں قائم ہوئیں۔انہوں نے صنعتکاروں پر زور دیا کہ وہ سماجی ذمہ داری کے طور پر دیہی علاقوں کی ترقی کیلئے آگے آئیں۔

☆☆☆☆☆

انڈین ریلویز کیٹیرنگ اینڈ ٹورزم کارپوریشن (IRCTC) نے 9 جولائی سے 17 جولائی تک بھارت گورو ٹورسٹ ٹرین کا ایک اور پروگرام تیار کیا ہے۔یہ ٹرین سکندرآباد سے ایودھیا اور کاشی جائے گی۔یہ بھارت گورو ٹورسٹ ٹرین سکندرآباد ریلوے اسٹیشن سے 9 جولائی کو اپنا سفر شروع کرے گی۔اس نوروزہ دورہ میں یہ ٹرین مختلف مذہبی مقامات سے گذرے گی۔ان میں گیا،وارانسی،ایودھیا اور پریاگ راج شامل ہیں۔ساؤتھ سنٹرل ریلوے نے ایک بیان میں بتایا کہ یہ یاترا تلنگانہ اور آندھراپردیش کے ریلوے مسافرین کو ایک منفرد موقع فراہم کرتی ہے۔

☆☆☆☆☆

ایک حاملہ خاتون نے آج حیدرآباد میں ایک آرٹی سی بس میں بچہ کو جنم دیا۔تلنگانہ اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کے عملہ نے بہادرپورہ میں ایک آرٹی سی بس میں اس خاتون کی ڈلیوری میں مدد کی۔سویتا تنم نامی یہ خاتون 1Z نمبر کی بس میں سوار ہوئیں اور بہادرپورہ پہنچنے پر اسے دردزہ شروع ہوگیا۔بس کنڈکٹر سروجا نے ڈرائیور کو چوکس کردیا جس نے فوری بس روک دی۔بس پر سوار دیگر خاتون مسافرین کی مدد سے سروجا نے سویتا کی ڈیلیوری میں مدد کی۔اس خاتون نے ایک بچی کو جنم دیا۔بعد میں دونوں کو قریبی گورنمنٹ میٹرنٹی ہاسپٹل منتقل کیا گیا۔ٹی جی ایس آرٹی سی کے منیجنگ ڈائرکٹر وی سجنار نے اس خاتون کی بہ حفاظت ڈیلیوری میں مدد کرنے پر خاتون مسافرین اور کنڈکٹر سروجا کو مبارکباد دی۔